
سبق:۵


# میرا ہندوستان



سب سے سندر سب سے اچھا میرا ہندوستان
یہ پھولوں کی وادی جیسا میرا ہندوستان

ڈال ڈال پر کوئل بولے میٹھی میٹھی بولی
بچے باغ میں دوڑیں بھاگیں کھیلیں آنکھ مچولی
آنگن میں گڑیوں کی شادی کریں بیٹھ ہمجولی

بچوں جیسا بھولا بھالا میرا ہندوستان
یہ پھولوں کی وادی جیسا میرا ہندوستان



پھول کھلے مسکائیں کلیاں جھومے ڈالی
جھرنوں کے سرگم پہ ناچے کھیتوں کی ہریالی
لہر لہر لہرایے ندیاں چلے پون متوالی

اونچے اونچے پربت والا میرا ہندوستان
یہ پھولوں کی وادی جیسا میر ا ہندوستان

★★★



۱۔الفاظ اور معانی

| لفظ | معنی | لفظ | معنی |
|---|---|---|---|
| وادی | گھاٹی۔دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین | ہمجولی | ہم عمر |
| ہریالی | ہرا بھرا۔سبزہ زار | پون | ہوا |
| مسکان | مسکراہٹ۔تبسم | پربت | پہاڑ |
| آنکھ مچولی | بچوں کا ایک کھیل | متوالی | مست |
| آنگن | صحن | لہر | موج |

## مشق

۲۔نیچے دئے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:۔

(الف) کون سب سے سندر اور سب سے اچھا ہے؟

(ب) کوئل کہاں پر بولتی ہے؟

(ج) کوئل کی آواز کس طرح کی ہے؟

(د) بچے کس طرح کے ہوتے ہیں؟

۳۔نیچے دیے گیے الفاظ کو اپنی کاپی لکھیے:۔

(ہندوستان۔وادی۔میٹھی۔آنگن۔سرگم۔ہریالی۔متوالی۔پربت)

(۴)عملی کام:۔

اس نظم کو زبانی یاد کیجیے:۔